PRESS RELEASE **پریس ریلیز** (also emailed*/faxed separately)

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

### موضوع: "خواتین"
### "دیگر"

# ایک چوتھائی پاکستانیوں کے مطابق لڑکیوں کی شادی کے لیے موزوں عمر اُن کی اٹھارویں سالگرہ سے پہلے ہے:

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن، گیلپ پاکستان


اسلام آباد، 07 اپریل، 2016

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق 25% پاکستانیوں کے مطابق ایک لڑکی کی شادی کے لیے موزوں عمر 18 سال تک ہے، 37% افراد کے مطابق ایک لڑکی کی شادی کے موزوں عمر 21-19 سال کے درمیان ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا کہ " **آپ کے خیال میں ایک لڑکی کے لیے شادی کی موزوں یا ٹھیک عمر کیا ہے؟** " اس سوال کے جواب میں 25% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ ایک لڑکی کے لیے شادی کی موزوں عمر 18 سال تک ہے، 37% افراد کے مطابق 19 سال سے 21 سال تک، 17% افراد کے مطابق 22 سے 24 سال تک، اور 18% افراد کے مطابق 25 سے 27 سال تک، اور دوسری طرف 3% جوابدہندگان کے مطابق لڑکی کی شادی کی موزوں عمر 28 سے 30 سال تک ہے۔

یہی سوال نومبر 2010 میں بھی پوچھا گیا۔ 2010 میں 20% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ لڑکیوں کی 18 سال کی عمر تک شادی کر دینی چاہیے اور 2016 میں اس کی حوالے سے شرح بڑھ کر 25% پائی گئی۔ 2010 میں 37% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ لڑکیوں کی 21-19 سال کی عمر تک شادی کر دینی چاہیے، جبکہ 19% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ لڑکیوں کی 24-22 سال کی عمر تک شادی کر دینی چاہیے، 21% افراد کا کہنا تھا کہ 27-25 سال کی عمر تک، اور 2% افراد کے مطابق 30-28 سال کی عمر تک، جبکہ 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ مجموعی طور پر وہ افراد جو سمجھتے ہیں کہ لڑکیوں کی نو عمر میں شادی ہو جانی چاہیے کی شرح میں گزشتہ 6 سالوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

" آپ کے خیال میں ایک لڑکی کے لیے شادی کی موزوں یا ٹھیک عمر کیا ہے؟"




*Source: GRF Poll*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1849 مرد و خواتین سے 11 جنوری 2016 تا 18 جنوری 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±3%-2 لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday April 07, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years of Gallup Pakistan (1980-2016)